# عورتوں کے حقوق و فرائض ؟

جس طرح سب انسان ایک ہی باپ کی اولاد ہیں، اسی طرح سب کی ماں بھی اصلاً ایک ہی حضرت حوا ہیں۔ ایک ہی ماں باپ سے یہ پورا گھرانا وجود میں آیا ہے۔ حضرت حوا حضرت آدم علیہ السلام ہی کی جنس سے تخلیق فرمائی گئی ہیں جس کے معنی یہ ہوئے کہ عورت مرد کے مقابل میں کوئی حقیر اور فروتر مخلوق نہیں ہے بلکہ وہ بھی اُس شرف میں برابر کی شریک ہے جو انسان کو بحیثیت اولادِ آدم حاصل ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو! جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور پھر اُسی سے اُس کا جوڑا بنایا ان دونوں میں سے بہت سے مرد و عورت پھیلا دیے"

اسلام عورت کو صرف گھریلو کردار تک محدود نہیں کرتا بلکہ اسے معاشرتی، تعلیمی اور معاشی میدان میں بھی مقام دیتا ہے۔ مغربی دنیا میں عورت کی آزادی اور حقوق پر بہت زور دیا جاتا ہے، جو بظاہر مثبت پہلو ہے۔ تاہم اس آزادی کے نتیجے میں بعض اوقات خاندانی نظام کمزور ہو جاتا ہے اور انفرادی سوچ غالب آ جاتی ہے۔ اسلام آزادی کے ساتھ ذمہ داری اور اخلاقیات کو بھی لازم قرار دیتا ہے۔ اسلامی معاشرہ عورت کو عزت، تحفظ اور توازن فراہم کرتا ہے۔ مغرب میں ترقی کا معیار آزادی ہے جبکہ اسلام میں توازن اور اخلاقی حدود کو اہمیت دی جاتی ہے۔ یہی فرق دونوں نظاموں کو ایک دوسرے سے ممتاز کرتا ہے۔

Day: Date:

# مغرب میں عورتوں کے حقوق و فرائض:

## ★ حقوق:

### 1۔ تعلیم کا حق:

مغربی معاشروں میں عورتوں کو مردوں کے برابر تعلیم حاصل کرنے کا مکمل حق حاصل ہے اسکول، کالج اور یونیورسٹیوں میں خواتین کی شرکت کو فروغ دیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد خواتین کو خود مختار اور با اختیار بنانا ہے تاکہ وہ معاشرے میں اپنا کردار ادا کر سکیں

- Universal Declaration of Human Rights (Article 26)
- UNESCO Reports on Gender Equality in Education.

دنیا میں خواتین کی 90% literacy rate جبکہ ترقی یافتہ ممالک میں 99%-95 ہے۔

### 2۔ ملازمت اور معاشی آزادی:

مغربی خواتین کو اپنی پسند کی ملازمت اختیار کرنے اور کمائی کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ وہ کاروبار، سیاست، سائنس اور ہر شعبے میں کام کر سکتی ہیں۔ انہیں اپنی آمدنی پر مکمل اختیار ہوتا ہے۔

- World Bank (2024)

- ترقی یافتہ ممالک میں labor force participation خواتین کی 50%-60% ہے

### 3۔ سیاسی حقوق:

Day: Date:

مغربی عورتوں کو ووٹ دینے، الیکشن لڑنے اور حکومت میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے

• UN Women (2024):

دنیا بھر میں پارلیمنٹ میں خواتین کی نمائندگی 26% ہے۔

• یورپ میں یہ شرح تقریباً 30-35% ہے۔

6. قانونی تحفظ:

خواتین کو گھریلو تشدد، ہراسانی اور زیادتی سے بچانے کے لیے سخت قوانین موجود ہیں۔

• UN Report:

مغربی ممالک میں تقریباً 3 میں سے 1 خواتین اپنی زندگی میں کسی نہ کسی تشدد کا شکار ہوتی ہے۔

7. جائیداد اور مالی خودمختاری

مغربی خواتین کو مالی معاملات میں مکمل اختیار حاصل ہے

• World Bank:

ترقی یافتہ ممالک میں خواتین کو 100% قانونی مالی حقوق حاصل ہیں۔

★ فرائض:

1- معاشی شرکت:

خواتین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ معیشت میں حصہ لیں اور

Day: ____________ Date: ____________

خود کفیل بنیں۔

2- خاندانی ذمہ داریاں

اگرچہ مغرب میں آزادی ہے، لیکن خواتین اکثر گھر اور بچوں کی ذمہ داری بھی اٹھاتی ہیں۔

3- قانون کی پابندی:

خواتین کو بھی مردوں کی طرح ریاستی قوانین کی پابندی کرنا ہوتی ہے۔

4- سماجی کردار:

خواتین کو معاشرتی ترقی، تعلیم اور سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینا ہوتا ہے۔

5- بچوں کی تربیت:

مغربی معاشرے میں والدین دونوں بچوں کی تربیت کے ذمہ دار ہوتے ہیں، جن میں خواتین کا اہم کردار ہوتا ہے۔

⇐ اسلام میں عورتوں کے حقوق و فرائض:

* حقوق

1- زندگی کے تحفظ کا حق:

اسلام میں سب سے پہلے عورت کو زندگی کے تحفظ کا حق دیا گیا۔ اسلام سے پہلے عرب کی جاہلی معاشرت میں عورتوں

Day:
Date:

کو زندہ دفن کر دیا جاتا تھا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"اور جو کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے
تو اس کی سزا ہمیشہ جہنم میں رہنا ہے،
اللہ کا اس پر غضب اور لعنت ہے۔

2۔ مال کا تحفظ:

اسلام سے پہلے عورتوں کو وراثت میں حقوق حاصل نہیں تھے۔ اسلام نے انھیں سب سے پہلے حقِ ملکیت عطا کی اس حوالے سے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"مردوں کے لیے اس میں سے ہے
جو انھوں نے کمایا اور عورتوں کے لیے
اُس میں سے ہے جو انھوں نے کمایا۔"

3۔ تعلیم و تربیت کا حق:

علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت کا حق ہے۔ حدیث شریف ہے:

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد، عورت پر فرض ہے"

علم کی اہمیت کے لیے اولین وحی ہی کافی ہے۔ جس کا آغاز ہی "اقرا" سے ہے۔ ارشاد باری ہے۔

"پڑھیے! اپنے رب کے نام جس نے پیدا کیا۔"

4۔ شادی کا حق:

اسلام میں عورت کی مرضی کے بغیر نکاح جائز نہیں

Day: Date:

حدیث "بیوہ کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے"

5. مہر کا حق:

عورت کو نکاح کے وقت مہر دیا جاتا ہے۔ جو اس کا حق ہے

حدیث، "نبی ﷺ نے فرمایا کہ مہر عورت کا حق ہے اور اسے ضرور ادا کیا جائے۔"

6. نان و نفقہ کا حق:

اسلام نے مردوں کو عورتوں کا کفیل بنایا۔ عورتوں کے نان و نفقے کی ذمہ داری مردوں پر ہے

"مرد عورتوں کے نگہبان ہیں۔" (القرآن)

7. خلع کا حق:

اسلام عورت کو علیحدگی کا حق بھی دیتا ہے اگر وہ خوش نہ ہو۔ ایک مشہور واقعہ ہے

"ایک خاتون نبی ﷺ کے پاس آئیں اور کہا یا رسول ﷺ مجھے اپنے شوہر ثابت بن قیس کے دین اور اخلاق پر کوئی اعتراض نہیں، لیکن میں ان کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی تو آپ ﷺ نے حضرت ثابت سے کہا کہ اس کو طلاق دے دو"

## 8. معاشرتی شرکت

اسلام عورت کو معاشرتی کاموں میں حصہ لینے کی اجازت دیتا ہے مثلاً حضرت خدیجہؓ ایک کامیاب تاجرہ تھیں۔ اُم عطیہ انصاریہ نے آپ کے ساتھ سات غزوات میں شرکت کی اور اُم حرام بنت ملحان کے بارے میں ہے کہ وہ پہلی بحری مجاہدہ تھیں

## 9. سیاسی حقوق:

اسلام نے عورتوں کو اپنی رائے دینے اور مشورہ کا حق بھی دیا ہے۔ اسلامی ریاست میں حکمران کے انتخاب میں حصہ لینے کا حق اور حکمران کی اصلاح اور تنقید بھی کر سکتی ہے مثلاً حضرت عثمان نے اپنے دورِ خلافت میں "حضرت ام کلثوم بنت علی کو ملکہ روم کے دربار میں سفارتی مشن کے لیے بھیجا اُن کے استقبال میں ہرقل کی زوجہ آئی اور اس نے روم کی خواتین کو جمع کیا اور کہا یہ تحفہ عرب کے بادشاہ کی بیوی اور ان کے نبی کی بیٹی لے کر آئی ہیں"

اس طرح آپ نے سفارتی مناصب پر عورتوں کی تقرری کی نظیر قائم فرمائی۔

## * فرائض:

## 1. عبادات کی پابندی:

مسلمان عورتوں پر بھی مرد کی طرح بنیادی عبادات

Day: Date:

فرض ہے
"نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔" (القرآن)

2۔ عقیدہ اور ایمان کی حفاظت:
عورت کا فرض ہے کہ وہ اپنے ایمان کو مضبوط رکھے اور شرک، بدعات اور غلط عقائد سے بچے
"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ" (القرآن)

3۔ حیا اور پردہ:
اسلام عورت کو حیا اور پردے کا حکم دیتا ہے تاکہ معاشرہ پاکیزہ رہے
"اور مومن عورتوں سے کہہ دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں۔"

4۔ شوہر کے حقوق ادا کرنا:
اگر عورت شادی شدہ ہو تو اس پر شوہر کے ساتھ حسن سلوک کرنا اور اس کے جائز حقوق ادا کرنا فرض ہے:
حدیث "اگر میں کسی کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو شوہر کو دیتا۔"

5۔ بچوں کی تربیت:
ماں کی حیثیت سے عورت پر بچوں کی اچھی تربیت

Day:

Date:

کی بڑی ذمہ داری ہوتی ہے۔

حدیث: عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کی اولاد کی نگہبان ہے، اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

6۔ حلال و حرام کا خیال رکھنا:

عورت پر فرض ہے کہ وہ حلال کمائی، پاکیزہ خوراک اور جائز معاملات کا خیال رکھے۔

"حلال اور پاک چیزیں کھاؤ۔" (القرآن)